**08.11.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اترپردیش کے بنارس ریلوے اسٹیشن سے چار نئی وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وندے بھارت، نمو بھارت اور امرت بھارت جیسی ریل گاڑیاں جدید بھارتی ریلویز کی بنیاد رکھ رہی ہیں۔

☆ بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے اور سینئر لیڈر ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔

☆ ایک دسمبر سے پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس شروع ہوگا۔

☆ جموں و کشمیر میں کپواڑہ ضلعے کے **Keran** سیکٹر میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں دو دہشت گرد مارے گئے ہیں۔

☆ دلّی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر کام کاج معمول پر لوٹ آیا ہے۔

☆ اور مردوں کی کرکٹ میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان **Brisbane** میں فائنل میچ شروع ہوگیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

Day PM Varanasi

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اترپردیش کے شہر وارانسی میں **4** نئی وندے بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ وندے بھارت، نمو بھارت اور امرت بھارت جیسی ریل گاڑیاں جدید بھارتی ریلویز کی بنیاد رکھ رہی ہیں۔ ہر بھارتی کو وندے بھارت ریل گاڑی پر فخر ہے۔ یہ ریل گاڑی بھارتیوں کیلئے، بھارتیوں کے ذریعے اور بھارتیوں کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج شروع کی گئی، اِن ریل گاڑیوں بنارس-کھجوراہو، لکھنؤ-سہارنپور، فیروزپور-دلّی اور اِرناکولم-بنگلورو کے ساتھ ملک میں چلنے والی وندے بھارت ریل گاڑیوں کی تعداد **160** سے زیادہ ہوگئی ہے۔

**SB - New 1415 - PM Train Final**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ پوری دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں میں بنیادی ڈھانچہ ، اُن کی معاشی ترقی میں اہم رول ادا کرتا ہے۔

**SB - 1415 - PM Development**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ آج اترپردیش کی ترقی نے سیاحت کے زیادہ مواقع کھولے ہیں۔ اِس موقع پر انہوں نے کاشی کے اسکولی بچوں کی تعریف کی اور کہا کہ اُن میں بہت زیادہ ہنر موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اُن سے اسٹیشن پر مل کر بہت خوش ہوئے تھے اور اُن کی پینٹنگس میں بھارت کی خوشحالی اور ترقی دکھائی دیتی ہے۔

وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اور ریلویز، اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ x

Rev Day Bihar Campaigning

بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کیلئے چناوٴ مہم اپنے شباب پر پہنچ گئی ہے۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے سیتامڑھی میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ NDA صرف ترقی پر توجہ نہیں دیتا ہے، بلکہ یہ ریاستی ثقافت کو بھی برقرار رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نتیش کمار کی سربراہی میں NDA حکومت نے، بہار کے لوگوں میں اعتماد پیدا کیا ہے اور اب سرمایہ کار اِس ریاست میں آرہے ہیں۔

**SB - PM**

Bettiah میں ایک دیگر عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ اِس انتخابی مہم کے دوران بہار کے مقاصد کے بارے میں بہت زیادہ تبادلۂ خیال کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ NDA کی ڈبل انجن والی سرکار نے مستقبل کیلئے اپنے ویژن اور اپنی حصولیابیوں کو اجاگر کیا ہے۔

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیرِ داخلہ امت شاہ نے پورنیا میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی اور وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار کے زیرِ قیادت بہار ایک ترقی یافتہ ریاست بننے کیلئے تیار ہے۔

موتیہاری میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، اترپردیش کے وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ پچھلے 20 برسوں میں NDA اور نتیش کمار کے زیرِ قیادت بہار کی اچھی حکمرانی کی بنیاد کو مزید تقویت ملی ہے۔

جنتا دَل یونائیٹڈ کے صدر اور وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار نے اورنگ آباد کے رفیع گنج اور گیا کے امام گنج میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ رفیع گنج میں خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ 2005 میں اقتدار میں آنے کے بعد اُن کی حکومت نے تعلیم اورصحت کے شعبوں میں خاطرخواہ بہتری کی ہے۔

دوسری جانب کانگریس کی سینئر لیڈر پرینکا گاندھی نے کٹیہار ضلع میں Kadwa میں انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

مہاگٹھ بندھن کے وزیرِ اعلیٰ کے عہدے کے امیدوار تیجسوی یادو نے جموئی میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ بے روزگاری کی پریشانی کو حل کرنے کیلئے پابندِ عہد ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اگر مہاگٹھ بندھن اقتدار میں آتا ہے تو عوام سے کئے گئے سبھی وعدے پورے کئے جائیں گے۔

جن سوراج پارٹی کے بانی پرشانت کشور نے یہ کہتے ہوئے، NDA کی نکتہ چینی کی کہ بہار میں ملازمتوں اور

فیکٹریوں کی کمی ہے۔ x

Rijiju Parliament Session

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے آج اطلاع دی ہے کہ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایک دسمبر 2025 سے 19 دسمبر 2025 تک پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس شروع کرنے کی حکومت کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب رجیجو نے بتایا کہ حکومت کو امید ہے کہ اِس سرمائی اجلاس میں ثمر آور اور معنی خیز کام کاج کیا جائے گا، جس سے جمہوریت کو تقویت ملے گی۔ x

J&K Encounter

جموں و کشمیر میں، کل رات کپواڑہ ضلعے کے کیرن سیکٹر میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہوئی ایک جھڑپ میں دو درانداز مارے گئے۔ فوج کے ایک ترجمان نے بتایا کہ مستعد فوجیوں نے دہشت گردوں کے ایک گروپ پر اُس وقت حملہ کر دیا، جب وہ لائن آف کنٹرول سے اِس طرف دراندازی کی کوشش کر رہا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ فوجیوں نے اس گروپ کو چیلنج کیا، اس کے بعد زبردست جھڑپ میں دو نامعلوم درانداز ہلاک کر دیے گئے۔ ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ علاقے میں کارروائی ابھی جاری ہے۔x

Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ کے Gariaband ضلعے میں 7 ماؤ نوازوں نے ہتھیار ڈال دیئے ہیں۔ رائے پور رینج کے انسپکٹر جنرل آف پولیس اَمریش مِشرا کے سامنے اِن ماؤ نوازوں نے ہتھیار ڈالے۔ اِس موقع پر اِن ماؤ نوازوں نے چھ ہتھیار بھی پولیس کے حوالے کئے۔ اِن ماؤ نوازوں پر 37 لاکھ روپے کا انعام رکھا گیا تھا۔ x

PM LK Advani

وزیر اعظم نریندر مودی اور نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے آج BJP کے تجربہ کار لیڈر ایل کے اڈوانی کو اُن کے 98ویں یومِ پیدائش پر مبارکباد پیش کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں، جناب مودی نے، جناب اڈوانی کی اچھی صحت اور طویل عمر کیلئے دعاء کی۔ وزیرِ اعظم نے جناب اڈوانی کو ایک آزمودہ کار لیڈر بتایا، جو ذہانت اور بڑا ویژن رکھتے ہیں اور جن کی زندگی بھارت کی ترقی کو مضبوط کرنے کیلئے وقف رہی ہے۔

نائب صدر نے جناب اڈوانی کو ایک ممتاز Statesman اور بھارت کے جمہوری سفر میں ایک مشعل قرار دیا۔ x

PM Dehradun

وزیر اعظم نریندر مودی کل اتراکھنڈ کی تاسیس کے سِلور جوبلی تقریبات کے ایک پروگرام میں شرکت کیلئے دہرہ دون کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وزیرِ اعظم اِس موقع پر ایک ڈاک ٹکٹ جاری کریں گے اور مجمع سے خطاب کریں

گے۔ جناب مودی 8 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کریں گے۔ پینے کے پانی، سینچائی، تکنیکی تعلیمی، توانائی، شہری ترقی، اسپورٹس اور ہنرمندی کے شعبے سمیت کئی شعبوں میں یہ پروجیکٹ شروع کئے جائیں گے۔ وزیرِ اعظم ''پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا'' کے تحت 28 ہزار کسانوں کے کھاتوں میں 62 کروڑ روپے کی براہ راست منتقلی کو بھی جاری کریں گے۔ x

PM Conference Legal Aid

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلّی میں سپریم کورٹ میں قانونی امداد پہنچانے کے طریقۂ کار کو مضبوط کرنے کے موضوع پر ایک نیشنل کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ وزیرِ اعظم قومی قانونی خدمات اتھارٹی NALSA کے ذریعے تیار کئے گئے کمیونٹی ثالثی تربیت ماڈیول کا افتتاح بھی کریں گے۔ اِس دو روزہ کانفرنس میں قانونی خدمات کے لائحہ عمل کی اہمیت پر توجہ دی جائے گی۔ x

Punjab Vande Matram

پنجاب میں حب الوطنی کے پیغام کو عام کرتے ہوئے، سرحدی سکیورٹی فورس BSF نے امرتسر کی مشہور اٹاری - واگھہ مشترکہ چیک پوسٹ اور Fazilka میں Sadki مشترکہ چیک پوسٹ پر کل شام قومی گیت وندے ماترم کے گانے کا اہتمام کیا۔ BSF جوانوں کے ساتھ ہزاروں افراد نے وندے ماترم گاکر ایک خوشگوار ماحول پیدا کردیا۔ قومی گیت کے 150 ویں سالگرہ کی یاد میں یہ پروگرام منعقد کیا گیا تھا۔ اِس پروگرام میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کے خطاب کو بھی براہِ راست نشر کیا گیا۔ x

Trump South Africa Boycott

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ جنوبی افریقہ میں اِس سال کی G20 سمٹ میں کوئی امریکی افسر شرکت نہیں کرے گا۔ انہوں نے ملک کے اقلیتی سفید فام کسانوں کے تئیں بدسلوکی کے الزامات کا ذکر کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے جنوبی افریقہ کی حکومت پر تشدد، ہلاکتوں اور غیر قانونی طور پر زمین ہتھیانے کے الزامات عائد کیے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس کے بجائے وہ میامی میں 2026 کے G20 سمٹ کی میزبانی کے لیے پُر امید ہیں۔

امریکی صدر نے اس سے پہلے تصدیق کی تھی کہ وہ بذاتِ خود اس سمٹ میں شرکت نہیں کریں گے، جس میں دنیا کی سب سے بڑی اور اُبھرتی ہوئی معیشتوں کے رہنماء یکجا ہو رہے ہیں۔

اُن کا یہ فیصلہ ایک بڑے عالمی فورم کے، سفارتی طور پر بائیکاٹ کیے جانے کا عکاس ہے اور اس سے جنوبی افریقہ کے خلاف اُن کے بڑھتے ہوئے ٹکراؤ کے موقف کا بھی عکاس ہے۔ جنوبی افریقہ کی حکومت نے ان الزامات کی تردید کی ہے اور اشارہ دیا ہے کہ جنوبی افریقہ کے سفید فام لوگ، سیاہ فام اکثریت سے زیادہ بہتر معیار کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔x

DELHI AIRPORT

نئی دلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سبھی پروازیں بحال کردی گئی ہیں۔
ایک ایڈوائزری میں دہلی ہوائی اڈے نے کہا ہے کہ سبھی پروازوں کی آمد و رفت معمول پر ہے۔
اس نے مسافروں سے بھی کہا ہے کہ وہ تازہ ترین معلومات کیلئے وہ اپنی ایئرلائنز سے رابطے میں رہیں۔ دہلی ہوائی اڈے پر پروازوں کی آمدورفت کل ٹیکنیکل خرابی کے باعث متاثر ہوئی تھیں۔
یہ ٹیکنیکل خرابی **Automatic Message Switching System (AMSS)** سے متعلق تھی جو **Air Traffic Control Flight Planning Process** میں مدد کرتا۔x

Mens Cricket T20

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان جاری پانچ میچوں کی ٹی۔ٹوئینٹی سیریز کا آخری میچ آج **Brisbane** کے **Gabba** شہر میں جاری ہے۔
آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔
بھارتی ٹیم نے جمعرات کے روز **Queensland** میں، **Carrara Oval** کے مقام پر کھیلے گئے چوتھے میچ میں آسٹریلیا کو **48** رن سے ہرایا تھا۔ اس جیت کے ساتھ بھارتی ٹیم نے سیریز میں دو - ایک سے سبقت حاصل کرلی تھی۔ بھارتی ٹیم اِس سیریز کو جیتنے کی کوشش کرے گی، جبکہ آسٹریلیا اِس آخری میچ میں مہمان ٹیم کے اِسپن گیند بازوں کا مقابلہ کرے گی۔x

Chess 91st Grandmaster

شطرنج میں، **Rahul VS** بھارت کے **91**ویں گرانڈ ماسٹر بن گئے ہیں۔ انہوں نے چھٹی آسیان انفرادی چمپئن شپ جیت لی ہے۔ اِس سے قبل انہوں نے نومبر **2021** میں بین الاقوامی ماسٹرس کا خطاب اُس وقت جیتا تھا، جب انہوں نے بین الاقوامی ماسٹر **IM** کی درجہ بندی میں چوتھا اور پانچواں مقام حاصل کیا تھا۔x

GST Manipur

نریندر مودی حکومت کی جانب سے متعدد شعبوں میں جی ایس ٹی کی شرحوں میں کمی کرنے کے بعد **22** ستمبر کو جی ایس ٹی بچت اتسو شروع ہوا تھا، جس سے ملک بھر میں شہریوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔
ہمارے نامہ نگار ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں کہ کس طرح اگلے سلسلے کی جی ایس ٹی اصلاحات سے ریاست منی پور کی معیشت کو فروغ حاصل ہوا ہے۔

**V/C- Aman**

*نئی جی ایس ٹی اصلاحات کا مقصد شمولیت والی ترقی کو فروغ دینا اور منی پور کے دستکاروں، کسانوں اور چھوٹے کاروباریوں کو اقتصادی راحت فراہم کرنا ہے۔*
*نئے ٹیکس نظام کے تحت **Coffee** کے پیکٹ پر ٹیکس کی شرح میں **18** فیصد سے **5** فیصد تک کی کمی آگئی ہے، جس سے ریاست کی **Coffee** صنعت کو کافی راحت ملی ہے۔*

GST 2.0 کے تحت ٹیکس میں اہم کمی کے پیشِ نظر Senapati, Ukhrul اور Chandel جیسے ضلعوں میں، جو Coffee کی کھیتی کے اہم Hub مانے جاتے ہیں، بہت فائدہ پہنچ رہا ہے کیونکہ ٹیکس میں کمی کے باعث اس شعبہ میں ڈبہ بندی، پیکیجنگ، اور Distribution کے نیٹ ورک میں روزگار کے اضافی مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔

اسی طرح ڈبہ بندی خوراک جیسے اچار، بانس کی ٹہنیاں، خمیری اشیاء، سبزیاں وغیرہ پر بھی جی ایس ٹی کی شرح میں 12 فیصد سے پانچ فیصد کی کمی کی گئی ہے۔

دہلی سے روہن اور امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں …………

Prez Mitti Cafe

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے راشٹر پتی بھون کے Mitti Cafe کو سب کی شمولیت والے، برابری اور بے پناہ امکانات سے تعبیر کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں، صدرِ جمہوریہ نے، اِس Cafe میں دِویانگ جَن اور اُن کے کنبوں کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے، لوگوں کو Mitti Cafe کا تجربہ حاصل کرنے کی ترغیب دی۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ یہ Cafe ہر کسی کو سب کی شمولیت والا اور ایک رحم دِل سماج تیار کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ x

Trump Portland

ایک وفاقی جج نے کل ایک حکم جاری کرکے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ریاستی اور مقامی رہنماؤں کی خواہشات کے خلاف نیشنل گارڈ کے دستوں کو پورٹ لینڈ میں تعینات کرنے سے مستقل طور پر روک دیا ہے۔

امریکی ڈسٹرکٹ جج Kavin Immergut کا یہ فیصلہ امیگریشن حکام کے خلاف مظاہروں کو روکنے کے لئے جناب ٹرمپ کے فوجی طاقت کے استعمال کو مستقل طور پر روکنے والا یہ پہلا فیصلہ ہے۔x

Buddha Relics Thimpu

نئی دلی کے نیشنل میوزیم میں موجود بھگوان بدھ کے مقدس باقیات کو آج بھوٹان لے کر جایا جائے گا جہاں انھیں 11 روز تک عام درشن کے لیے رکھا جائے گا۔

سماجی انصاف اور تفویضِ اختیارات کے وزیر ڈاکٹر ویریندر کمار وفد کی قیادت کریں گے۔ ثقافت کی وزارت کے مطابق یہ درشن، تھمپو میں عالمی امن دعائیہ تقریب کا ایک حصہ ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆